NOTIFICATION OF TESTING
Cognitive Abilities Test

عزیز والد/ والدہ اور سرپرست:

آپ کے بچے کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کی غرض سے، آپکے بچہ کو _____ اور _____ کے درمیان ایک Cognitive Abilities Test (CogAT) دیا جائے گا۔ یہ بہت اہم ہے کہ آپ کا بچہ ان دنوں اسکول میں حاضر ہو۔ اگر ممکن ہوسکے، تو براہ مہربانی ایسے ٹرپس اور اپائنمنٹس سے پرہیز کیجیئے جن کی وجہ سے آپ کے بچے کو اس عرصہ کے دوران اسکول سے غیر حاضر یا باہر جانا پڑے۔ یہ بھی بہت اہم ہے کہ آپکا بچہ ٹیسٹ سے پہلے اپنی نیند پوری کرے اور ایک اچھا ناشتہ کرے۔

CogAT کا مقصد یہ ہے کہ طالبعلم کی زبانی، مقداری، اور غیر زبانی استدلال کی صلاحیتوں کی نشو ونما کے بارے میں معلومات فراہم کی جائیں۔ اِس ٹیسٹ میں شامل کاموں کی بنیاد وہ مواد ہے جس کا تجربہ عام طور سے بچے اسکول میں حاصل کرچکے ہوتے ہیں۔ البتہ، سوال پوچھے جانے کا طریقہ اور مخصوص ٹیسٹ کا مواد ضروری نہیں ویسا ہو جس کا تجربہ بچے اسکول میں حاصل کرچکے ہیں۔ بچوں سے تمام سوالوں کے جواب جاننے کی توقع نہیں کی جاتی اور ٹیسٹ لینے سے پہلے انہیں سیمپل آئٹمز پر پریکٹس کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ CogAT ایک صلاحتیوں کا ٹیسٹ ہے، اسلیئے بچوں سے ٹیسٹ کے لیئے اس انداز میں پڑھنے یا تیاری کرنے کی توقع نہیں کی جاتی جسطرح سے وہ کسی کامیابی کے ٹیسٹ کے لیئے کریں گے۔

نتائج دستیاب ہونے پر والدین کو اسکور رپورٹس فراہم کردی جائیں گی۔ عام طور پر، یہ رپورٹس جنوری میں دستیاب ہوتی ہیں۔ اگر اس ٹیسٹ کے بارے میں آپ کوئ سوال پوچھنا چاہتے ہیں، تو براہ مہربانی اپنے بچہ کے اسکول کے ایڈوانس اکیڈیمک ریسورس ٹیچر(AART)، _____، یا اسکول کے ٹیسٹ کوآرڈینیٹر، _____، سے رابطہ قائم کیجیئے۔